© rasailojaraid.com

تاریخی واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ اسپین کی اسلامی حکومت کے زمانہ میں ایک پادری کی لڑکی کس طرح مسلمان ہوئی، مسلمان علماً کے ساتھ لڑکی اور پادریوں کے مناظرے اس تفصیل کے ساتھ درج کیے گئے ہیں کہ مسیحیت اور اسلام کے تقابل کا اچھا خاصہ مواد ان میں مل جاتا ہے۔ تاریخی واقعات کو افسانہ کے رنگ میں اور افسانہ کو مناظرہ کی صورت میں پیش کرنے کا یہ طریقہ خواہ فن افسانہ نگاری کے نقطۂ نظر سے کیسا ہی ہو، مگر مسلمانوں کو مذہبی معلومات بہم پہونچانے کے لیے دلچسپ اور مفید ضرور ہے۔

**چراغ امین** | از جناب نکہت سلطان پوری۔ ضخامت ۹۰ صفحات۔ پتہ:۔ کنور احمد اعتبار حسین خان، ہاری منو، ڈاک خانہ جگدیش پور، ضلع سلطان پور۔

یہ جناب نکہت سلطان پوری کے کلام کا مجموعہ ہے، جو دو حصوں میں منقسم ہے، ایک حصہ نظموں پر اور دوسرا غزلوں پر مشتمل ہے۔ زبان اور طرز ادا پسندیدہ ہے۔

**مساوات اسلامیہ** | از جناب شیخ محمد صاحب قادری کاکوروی، نظیر آباد، لکھنؤ۔ ضخامت ۹۰ صفحات۔ قیمت ۸ر

اس رسالہ میں لائق مؤلف نے مستند مآخذ سے اسلامی مساوات کی حقیقت پر بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اجتماعی مشکلات کے حل میں کہاں تک اس کا دخل ہے۔

**خلق عظیم** | از قاضی ظہور الحسن صاحب ناظم سیوہاروی۔ ضخامت ۲۰ صفحات۔ قیمت ۲ر۔ ملنے کا پتہ:۔ قاضی ظہور الحسن صاحب، بمعرفت مولوی عبد الرزاق صاحب اینڈ کمپنی، محلہ عابد شاپ، حیدر آباد۔ دکن۔

اس رسالے میں جناب ناظم صاحب نے نہایت خوش اسلوبی اور کامیابی کے ساتھ سیرت نبوی کے واقعات و روایات کو ان کے اصلی خد و خال میں نظم کیا ہے۔

**منظر الکرام**
مؤلفہ سید منظر علی اشہر

حیدر آباد دکن کے زندہ اکابر و مشاہیر کا تذکرہ۔ جدید حیدر آباد کی علمی شخصیتوں کے متعلق اس سے بہتر ذخیرۂ معلومات اب تک مرتب نہیں ہوا۔ سرکار عالی کے سررشتۂ تعلیم نے اس کو سالہ کی عمدہ کتاب قرار دیکر دفاتر و مدارس تحت کو اس کے خریدنے کی ہدایت کی ہے۔ قیمت چھ روپے۔ مؤلف سے نظام ولنٹیرز کلب خیرت آباد کے پتہ پر طلب کیجیے۔

© rasailojaraid.com